شادی خانہ آبادی کی پُر رونق تقریب سعید

ادارہ کی طرف سے مبارکباد

ندوۃ المصنفین اور رسالہ برہان

سری نگر (کشمیر)

جناب محترم حضرت میرواعظ مولوی محمد فاروق صاحب مدظلہ العالی کے برادر نسبتی منظور احمد کی شادی میرواعظ منزل، سری نگر کشمیر میں بڑی دھوم دھام اور کشمیری و اسلامی رسم و رواج کے مطابق انجام پذیر ہوئی۔

اس موقع پر محترم میرواعظ مولوی فاروق صاحب کی طرف سے مورخہ ۸ ستمبر ۸۵ء بروز اتوار کو بڑا ہی پُرتکلف اور بہت اقسام کے کشمیری کھانوں سے مزین عشائیہ دیا گیا جس میں کشمیر اور کشمیر سے باہر کی عظیم و معزز شخصیتوں نے شرکت فرماکر اس تقریب کی رونق میں اضافہ فرمایا۔ دہلی سے حضرت مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانیؒ مرحوم کے صاحبزادہ بلند اقبال اور ادارہ ندوۃ المصنفین کے ڈائرکٹر و انچارج اور برہان کے مدیر نائب جناب عمید الرحمٰن صاحب عثمانی نے اپنے سکریٹری فخرالدین صاحب کے ہمراہ خصوصی دعوت نامہ پر اس عقد مسنون کی مبارک تقریب میں شرکت فرمائی۔ اس عالی شان محفل عقد مسنون کی تقریب میں شریک تمام مہمانوں کی ہر طرح خاطر و مدارات کے لئے میرواعظ کے سکریٹری اور خصوصی معاون جناب سعید الرحمٰن صاحب کے شب و روز مستعد عمل رہے اور مہمانوں کی ہر طرح دل جوئی کے لئے کشمیری مہمان نوازی اور اسلامی آداب و احترام کا قدم قدم پر بے مثالی مظاہرہ کرتے رہے۔

ادارہ برہان بارگاہ عالی میں اس تقریب پر خلوص دل کے ساتھ دعا گو ہے کہ اللہ رب العزت دولہا دلہن کو یہ شادی ہر طرح مبارک کرے اور ان کو دین و دنیا کی اعلیٰ سے اعلیٰ نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین!

(ادارہ)